## وژن

ہمارا بنیادی تصور خود کو ایسے کاروباری ادارے کے طور پر سامنے لانا ہے جو متاثر کن ، قابل تقلید اور دوسروں سے ممتاز ہو، اور جو عالمی سطح پر متنوع اور کثیر جہتی ہو اور جو اعلیٰ ترین معیار ، اعتماد اور جدت کا حامل ہو۔

## ہدف

ہمارا ہدف زرعی صنعتی ترقی کے شعبوں میں اعلیٰ ترین معیار کی حامل مصنوعات اور خدمات کی فراہمی میں قائدانہ مقام و مرتبہ کا حصول ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہم اپنے ملازم کو مقابلے سے بھرپور اور مسابقت کا ماحول فراہم کرتے ہیں اور تمام شراکت داروں کے لیے سماجی اور ماحولیاتی معیارات کو یقینی بنانے کی ذمہ داری بھی قبول کرتے ہیں۔

## کارپوریٹ حکمت عملی

اپنے مرکزی کاروبار میں اپنی تقابلی حیثیت کو قائم رکھنا، ہماری کاروباری حکمت عملی ہے۔ ہم اپنے برانڈ نام کو استعمال کرتے ہوئے ، سب سے الگ اور منفرد تنظیمی کلچر، پیشہ وارانہ اعلیٰ معیار اور مالی ساکھ کو استعمال کرکے خود کو ملکی اور ملٹی نیشنل سطحوں پر ، نئے منصوبوں کے حصول کے ذریعے اپنے شراکت داروں کے لئے اعلیٰ معیار کی ہم آہنگی کو یقینی بناتے ہیں۔

## ضابطہ اخلاق (Code of Conduct)

ہم اپنے روزگار کی سرگرمیوں کو ایمان داری، دیانتداری ، سچائی اور اعزاز کے اعلی ترین اصولوں کے ساتھ چلائیں گے اس کےلئے ہم کسی بھی قسم کی ناشائستگی سے بچنے کی حتی الامکان کوشش کریں گے۔

ہم کسی بھی ایسے اقدام ،ٹھیکے، معاہدے، سرمایہ کاری اور لین دین میں نہیں پڑینگے جو کسی بھی قانون، ضابطے اور کارپوریٹ پالیسی کے خلاف ہو، نہ ہی ہم ایسے کام کی تجویز دیں گے اور نہ ہی اس کا کسی بھی طرح سے حصہ بنیں گے۔

ہم اپنی منصبی حیثیت کو نہ تو کسی کے ساتھ زبردستی کے لئے استعمال کریں گے ، نہ ڈرائیں دھمکائیں گے ، نہ ہراسانکریں گے ، نہ مجبور کریں گے اور کوئی بھی دوسری تدبیر اختیار کرتے

ہوئے کسی بھی فرد حتیٰ کہ اپنے ماتحتوں پر اثرانداز نہیں ہوں گے۔ ہم کسی کو ضابطے سے ہٹ کر مالی یا کوئی دوسرا فائدہ پہنچائیں گے، نہ ہی کوئی تحفہ دیں گے۔

کاروباری معاملات میں ہم سپلائرز، ٹھیکیداروں، مشیروں، صارفین اور سرکاری لوگوں کو کوئی بھی عطیہ، نوازش یا کوئی اور فائدہ نہ تو فراہم کریں گے اور نہ ہی اس کی پیشکش کریں گے۔ تمام تر کاروباری سرگرمیاں براہ راست سرانجام دی جائیں گی، کسی بھی تیسری پارٹی کو شامل نہیں کیا جائے گا۔

ہم کمپنی کی طرف سے تیسری پارٹی کے ساتھ معاملات کرتے ہوئے اپنے آپ کو اصلاً یا بظاہر ایسے مقام پر نہیں رکھیں گے جہاں مفادات کا تصادم پیدا ہوجائے۔ تمام تر کاروباری سرگرمیاں براہ راست سرانجام دی جائیں گی، کسی بھی تیسری پارٹی کو شامل نہیں کیا جائے گا۔

ہم سب کو ایسی صورت حال میں حد درجہ احتیاط کرنی چاہئے جہاں پہلے سے کسی ایسے فرد ، تیسری پارٹی، سرکاری ملازم اور ایجنسی کے فرد کے ساتھ ذاتی تعلقات کا وجود ہو، جس سے کمپنی کا موجودہ کاروباری تعلق ہو یا اس کا پوٹیشنل موجود ہو۔ اگر کسی بھی ایسے تعلق کا شائبہ بھی موجود ہو تو اس فرد کو چاہیے کہ انتظامیہ کو آگاہ کرے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کو پیدا ہونے سے بچایا جا سکے۔

ہم اپنے کاروبار سے باہر کمپنی کے کسی بھی کسٹمر ، وینڈر ، سپلائر اور ایجنٹ کے ساتھ بلواسطہ یا بلا واسطہ کاروباری سرگرمیوں میں ملوث نہیں ہوں گے یا کسی بھی ایسی سرگرمی میں جو کمپنی کے کاروباری معاملات سے متصادم ہو۔

ہم کمپنی کے تجارتی رازوں کو افشا کریں گے نہ ہی انھیں ان کے اصل مقاصد سے ہٹ کر استعمال کریں گے۔ ہم کمپنی کی قانونی شناخت یا کسی بھی خفیہ معلومات کو ' جو کمپنی کے لئے خدمات کی انجام دہی کے دوران ہمارے علم میں آئیں گی' انھیں کمپنی کے مفادات سے ہٹ کر ذاتی منافع یا دیگر فوائد کے حصول کے لئے استعمال میں نہیں لائیں گے۔

................

## بنیادی اقدار (FFC Core Values)

فوجی فرٹیلائزر کمپنی' میں گاہکوں کو اعلیٰ مصنوعات مہیا کرنے کے لئے کسی بھی قسم کا ' سمجھوتہ نہیں کرتا۔ ہم زیادہ سے زیادہ حصہ اپنے سٹیک ہولڈرز کو دیتے ہیں، قومی خزانے میں بھی بہت زیادہ حصہ ڈالتے ہیں۔ ہمارے کاروبار کی کامیابی کا انحصار قابل اعتماد تعلقات پر ہے۔ ہماری ساکھ کمپنی کی اپنی معیاری کارکردگی اور مندرجہ ذیل اصولوں سے وابستگی پر قائم ہوئی ہے:

### دیانت داری

کمپنی کے اندر ایک دوسرے کے ساتھ معاملات کرتے ہوئے، کاروباری شراکت داروں کے ساتھ، سپلائرز اور گاہکوں کے ساتھ کوئی بھی معاملہ کرتے ہوئے دیانت داری کا مظاہرہ کرنا نیز کمپنی کی خفیہ معلومات اور تجارتی رازوں کا تحفظ کرنا۔

### بہترین معیار

بہترین مصنوعات کے ساتھ ساتھ اپنے گاہکوں کے لئے عمدہ خدمات فراہم کرنا۔

### استقامت

اپنے قول و فعل میں پکے رہنا۔

## ہمدردانہ رویہ

اپنے ملازمین سے باہمی تعلقات اور اس طبقے سے ہمدردانہ رویہ رکھنا جو ہمارے کاروبار سے جڑا ہوا ہے۔

## منصف مزاجی ، راست بازی

اپنے ساتھی ملازمین ، کاروباری شراکت داروں، متعلقین، گاہکوں اور سپلائرز کے ساتھ معاملہ کرتے ہوئے تمام قابل اطلاق قوانین اور اصول و ضوابط کا لحاظ کرتے ہوئے بہترین اخلاقی رویے کا مظاہرہ کرنا۔

***

# کاروباری طریقوں اور اخلاقیات کا پالیسی بیان

* یہ ایف ایف سی کی پالیسی ہے کہ وہ ہر اعلیٰ کاروباری اور اخلاقی اصول کی پیروی کرے۔ یہ ہم میں سے ہر ایک پر لازم ہے کہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرے یعنی وہ دیانت دار ، قابل اعتماد اور بااصول ہو اور اعلیٰ کاروباری و اخلاقی اصولوں پر تہہ دل سے عمل پیرا ہونے کی کوشش کرے۔

* ایک قانونی حیثیت کی حامل کمپنی ہونے کے ناتے ہماری شہرت اور سرگرمیوں کا انحصار ہمارے ڈائریکٹرز اور ملازمین کے کردار پر ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کو جانفشانی کے ساتھ اعلیٰ اخلاقی معیار کے مطابق کام کرنے کی کوشش کرتے ہوئے تمام قابل اطلاق قوانین کی پابندی کرنا ہے۔

* ہم سب نے اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہمارا ذاتی رویہ کسی بھی قسم کے قابل مذمت فعل سے بالاتر ہو۔ ہمیں اعلیٰ کاروباری اور اخلاقی اصولوں کی پیروی کرتے ہوئے اس بات کو بھی یقینی بناناہے کہ ہمارے اردگرد لوگ بھی ان پر کاربند رہیں۔ کمپنی کے کاروباری اور اخلاقی اصولوں کو ہرسطح پر راست بازی کے ساتھ بغیر کسی تعصب کے لاگو کرنا ہوگا۔

* ان عام قوانین کی پابندی قانونی اوراخلاقی طور پر تمام ڈائریکٹرز اور کمپنی ملازمین پر لازم ہوگی جنھیں اس کی ذاتی کاپی مہیا کردی جائے گی۔

----------

# کمپنی پروفائل اور گروہی ڈھانچہ

ہمارے ابھرتے ہوئے کاروباری ڈھانچہ کی بدولت، افرادی قوت کے عزم و حوصلے، متنوع سرمایہ کاری اور ملکی سرمایہ کاری میں اپنے مستحکم کردار کے باعث ( ایف ایف سی ) پاکستان کی سب سے مضبوط کمپنی بن چکی ہے۔

فوجی فرٹیلائزر کمپنی یوریا بنانے والی پاکستان کی سب سے بڑی کمپنی ہے جو 1978ءمیں فوجی فاؤنڈیشن ( ایک خیراتی ٹرسٹ، کمپنی حصص44.35 فیصد) اور ڈنمارک کی کمپنی ہلدور ٹوپسو اے ایس(Haldor Topsoe A/S) کے ساتھ مل کر ایک مشترکہ منصوبے کے تحت قائم کی گئی۔ ٹوپسو نے یوریا کی سالانہ 570 ہزار ٹن پیدوار کی سہولت مہیا کی۔

برسوں بعد کمپنی نے کیمیائی کھاد کے شعبے میں دوبارہ سرمایہ کاری کرکے مزید ترقی حاصل کی۔ اب کمپنی اپنے تین پلانٹس کے ذریعے دو ملین ٹن سے زیادہ پیداوار کی صلاحیت رکھتی ہے۔

# فوجی فرٹیلائزر کمپنی ، اس کی شراکت دار کمپنیاں اور مشترکہ منصوبہ کمپنیاں

* ایف ایف سی انرجی لیمیٹڈ
* فوجی فریش اور فریز لیمیٹڈ
* فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمٹڈ
* فوجی سیمنٹ کمپنی لیمٹڈ
*عسکری بنک لیمیٹڈ
*تھر انرجی لیمیٹڈ
*پاکستان ماروک فاسفر ایس اے

# ماتحت کمپنیاں

## ایف ایف سی انرجی لیمیٹڈ

گرین انرجی کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے کمپنی نے پاکستان میں ونڈا انرجی کا آغاز کیا۔ اس مقصد کے لئے کمپنی نے 2009ءمیں اپنی ایک ذیلی کمپنی ، ایف ایف سی انرجی لیمیٹڈ ( ایف ایف سی ای ایل ) کی پیداواری صلاحیت کے ساتھ تجارتی سرگرمیوں کا آغاز کیا۔

## فوجی فریش این فریز لیمیٹڈ

فوجی فریش این فریز لیمیٹڈ پاکستان کی واحد آئی کیو ایف پریزرویشن ٹیکنالوجی کے تحت خوراک محفوظ کرنے والی کمپنی ہے۔ یہ ساہیوال میں واقع ہے۔



----------

## فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ

## (ایف ایف بی ایل )

فوجی فرٹیلائزر بن قاسم لیمیٹڈ کو ایف ایف سی اردن فرٹیلائزر کمپنی کے طور پر 1993ءمیں بنایاگیا۔ بعدازاں 2003ءمیں اس کی تنظیم نو ایف ایف بی ایل کے طور پر کی گئی۔ ملکی درآمدات کے دباؤ کو مزید کم کرنے کے لئے ایف ایف سی نے دانہ دار کیمیائی یوریا کھاد بنانے کے لئے سرمایہ کاری کی۔ اس سرمایہ کاری میں ایف ایف بی ایل کے 49.88 فیصد حصص ہیں۔

دونوں کمپنیوں کی مصنوعات کو پاکستان کے سب سے بڑے ڈیلر نیٹ ورک کے ذریعے مارکیٹ میں لایا جاتاہے جو کسان برادری کو بروقت مال پہنچانے کے ساتھ ساتھ انھیں کاشت کاری کے جدید طریقہ کار کے بارے میں مفید معلومات بھی فراہم کرتا ہے۔ ہمارا مشہور زمانہ برانڈ " سونا " جس کا انگریزی میں معنی Gold ہے، کسان برادری کے لئے ہماری مصنوعات کی اہمیت ظاہر کرتاہے۔

## عسکری بنک لیمیٹڈ

متنوع سرمایہ کاری کا حصہ ہوتے ہوئے ایف ایف سی نے عسکری بنک لیمیٹڈ میں 43.15 فیصد حصص خرید رکھے ہیں۔ یہ بنک 9اکتوبر 1991ءمیں پبلک لیمیٹڈ کمپنی کے طور پر قائم ہوا۔ اصولی طور پر اس کا کاروبار بنکنگ تھا۔ یہ بنک پورے پاکستان میں اپنی 517 برانچز کے ساتھ کام کررہا ہے جن میں 94 برانچز اسلامک بنک کی جبکہ 44 ذیلی برانچز شامل ہیں۔ اس کی ہول سیل بنک برانچ بحرین میں واقع ہے۔

## فوجی سیمنٹ کمپنی لیمیٹڈ

فوجی سیمنٹ کمپنی ایک پبلک لیمیٹڈ ہے جو 23 نومبر 1992ءکو قائم کی گئی۔ یہ کمپنی اپنے دو پیداواری یونٹس کے ذریعے مختلف نوعیت کے سیمنٹ بناتی ہے۔ اس کی سالانہ پیداواری صلاحیت 3.56 ملین ٹن ہے۔ اس کمپنی میں 1.5بلین کی سرمایہ کاری کے ساتھ ایف ایف سی کے 6.79 فیصد حصص ہیں۔

## پاکستان ماروک فاسفر ایس اے

پاکستان ماروک فاسفر ایک پرائیویٹ لیمیٹڈ کمپنی ہے۔ اس کا قیام 2004ءمیں ایف ایف سی ( شئیر ہولڈر12.5فیصد )، فوجی فاؤنڈیشن (12.5فیصد ) ایف ایف بی ایل (25فیصد ) اور مراکش کی ایک کمپنی ’آفس شریفین دیسفاسفیٹ‘ 50 فیصد کے مابین ایک مشترکہ منصوبے کے تحت عمل میں آیا۔ اس کمپنی نے 2008ءمیں اپنی سرگرمیوں کا آغاز کیا۔ یہ کمپنی سالانہ 375ہزار ٹن فاسفورک ایسڈ بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

## تھر انرجی لیمیٹڈ

تھر انرجی لیمیٹڈ 330 میگاواٹ کوئلے کی مدد سے بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ ہے جس کا آغاز 2016ءمیں سی پیک کے تحت حب پاور کمپنی لیمیٹڈ (60فیصد حبکو) اور چائنا مشینری انجینئرنگ کارپوریشن ( 10فیصد) کے باہمی تعاون سے کیا گیا۔ اس کمپنی میں ایف ایف سی کے 30فیصد حصص شامل ہیں۔

--------

# وسائل کی تخصیص اور حکمت عملی

## کارپوریٹ حکمت عملی

اپنے مرکزی کاروبار میں اپنی تقابلی حیثیت کو قائم رکھنا، ہماری کاروباری حکمت عملی ہے۔ ہم اپنے برانڈ کی نیک نامی ، سب سے الگ اور منفرد تنظیمی کلچر، پیشہ وارانہ اعلیٰ معیار اور مالی ساکھ کو استعمال میں لاتے ہوئے خود کو ملکی اور ملٹی نیشنل سطوں پر نئے منصوبوں کے حصول کے ذریعے اپنے شراکت داروں کے لئے اعلیٰ معیار کے ساتھ مطابقت کو یقینی بناتے ہیں۔

### انتظامی اہداف

### ہدف1

کھاد کے متوازن استعمال اور بہتر کارکردگی کی مصنوعات کے ذریعے زرعی پیداوار کو بہتر بنانا

### حکمت عملی

کسانوں کو مشاورتی اور سہولت کار سنٹرز کے ذریعے متوازن اور تدریجی انداز سے کیمیائی کھاد کے استعمال کی تعلیم دینا۔

### نوعیت

درمیانی / طویل المدتی

### ترجیح

اعلیٰ

### وسائل کی تخصیص

مالی سرمایہ ، افرادی سرمایہ، تیارشدہ سرمایہ

### کے پی آئی مانیٹرڈ

فارم کے مشاورتی کاموں کے لئے فنڈز مختص کرنا

## موجودہ حالت

کام جاری ہے، سالانہ اہداف حاصل ہوچکے ہیں۔

## مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت

پاکستان میں فی ایکٹر پیداوار میں بہتری کی ضرورت ہے۔ انتظامیہ سالانہ کی بنیاد پر ایف ایف سی کے اقدامات کا جائزہ لے رہی ہے۔

## مواقع / خدشات

پاکستان میں طویل المدتی بنیادوں پر غذائی تحفظ کے لئے فی ایکڑ کاشت مین بہتری لانا انتہائی ضروری ہے۔ تاہم کسانوں کی ناقص تعلیم اور کم علمی کے باعث وہ جدید کاشت کاری کے طریقوں کو اختیار کرنے پر آمادہ نہیں ہوتے۔

***

## ہدف 2

برانڈ امیج کو بڑھانا تاکہ مستقبل میں متنوع منصوبوں سے فائدہ حاصل کیا جاسکے۔

## حکمت عملی

کاروباری برتری کے لئے ایف ایف سی کے سونا برانڈ کی تشہیر کرنا۔

## نوعیت

درمیانی / طویل المدتی

## ترجیح

اعلیٰ

## وسائل کی تخصیص

مالی سرمایہ۔ افرادی سرمایہ، تیار شدہ سرمایہ

## کے پی آئی مانیٹرڈ

ایکویٹی انویسٹمنٹ سے اضافی آمدن

## موجودہ حالت

کام جاری ہے۔

## مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت

مستقبل میں کے پی آئی متعلقہ رہے گی۔

## مواقع / خدشات

ایف ایف سی برانڈ امیج ایک معروف کاروباری انٹرپرائز کو ظاہر کرتاہے جو مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو ایف ایف سی کے ساتھ مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے باہمی تعاون کے فروغ کے لئے اعتماد فراہم کرتاہے۔

***

## ہدف 3

کمپنی کو ملک سے باہر پھیلانا

## حکمت عملی

چار دہائیوں پر مشتمل کمپنی کے تکنیکی مہارت اور کاروباری تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے کمپنی کو دیگر ممالک میں پھیلا کر اس کے منافع میں اضافہ کرنا

## نوعیت

قلیل / درمیانی مدت

## ترجیح

اعلیٰ

## وسائل کی تخصیص

مالی سرمایہ ، تیار شدہ سرمایہ ، افرادی سرمایہ، سماجی اور سماجی روابط کا سرمایہ، اضافی محصول اور منافع میں اضافہ

## کے پی آئی مانیٹرڈ

آمدن ا ور منافع میں اضافہ

## موجودہ حالت

پیش رفت جاری ہے۔

## مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت

مستقبل میں کے پی آئی متعلقہ رہے گی۔

## مواقع/ خدشات

کمپنی کی تکنیکی مہارت کو پوری دنیا میں بڑے پیمانے پر تسلیم کیا گیاہے۔ یہ شہرت کمپنی کے لئے اپنی خدمات کو ملکی حدود سے باہر تک پھیلانے کے لئے وسیع مواقع فراہم کرتی ہے۔ کمپنی اس صنعت میں ہونے والی تکنیکی ترقی کا ادراک رکھتے ہوئے اپنے انسانی وسائل پر سرمایہ کاری کے ذریعے اس چیلنج سے نمٹنے کے منصوبے بنا رہی ہے۔

***

## ہدف 4

کمپنی کی آمدن میں اضافے اور پائیدارمنافع بخش مارجن حاصل کرنے کے لئے کاروباری تنوع قائم رکھنا

## حکمت عملی

کیمیائی کھاد کی صنعت میں متنوع منافع بخش راستوں کی مسلسل تلاش جاری رکھنا

## نوعیت

درمیانی / طویل المدتی

## ترجیح

اعلیٰ

## وسائل کی تخصیص

افرادی سرمایہ ، مالی سرمایہ ، فکری سرمایہ

### کے پی آئی مانیٹرڈ

منافع: ای پی ایس ، آر اور ای، اثاثوں کی شرح فروخت اور ڈی پی ایس

استحکام : موجودہ تناسب، کیئرنگ اور سود کا احاطہ

### تنوع

منصوبوں کے پھیلاؤ کے لئے جو سالانہ وسائل مختص کئے گئے تھے ، حاصل کرلئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں سرمایہ کاری کے نئے منصوبوں کی شناخت اور ترقی کے بھی۔

### موجودہ حالت

مسلسل جاری عمل ، اس سال کمپنی نے تھر انرجی لیمیٹڈ کمپنی میں 1.33بلین کی سرمایہ کاری کی، معاہدہ ہوچکا ، حکومت کی طرف سے نوٹیفکیشن جاری ہوچکا ہے۔

### مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت

مستقبل میں کے پی آئی متعلقہ رہے گی۔

### مواقع/ خدشات

ایف ایف سی کی مضبوط مالی حیثیت ، کاروباری مہارت اور معقول وسائل اسے متنوع سرمایہ کاری کے قابل بناتے ہیں۔ جبکہ دوراندیشی سے سرمایہ کاری سے جڑے خطرات و خدشات کو کم کیا جاسکتاہے۔

***

### ہدف 5

کاروباری سرگرمیوں میں ہم آہنگی کے ذریعے آپریشنل اہلیت کو بڑھانا

### حکمت عملی

وقت اور پیسے کے نقصانات کو کم کرنے کے لئے ہمارے کاروباری عمل کو درست رکھنا

### نوعیت

قلیل المدتی

**ترجیح**

اعلیٰ

**وسائل کی تخصیص**

تمام وسائل کا استعمال

**کے پی آئی مانیٹرڈ**

مارکیٹ شئیر اور پیداوار کی کارکردگی کا تناسب

**موجودہ حالت**

مسلسل جاری عمل / 2019ءکے مقاصد حاصل کرلئے گئے

**مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت**

مستقبل میں کے پی آئی متعلقہ رہے گی۔

**مواقع/ خدشات**

مختلف سرگرمیوں میں ہم آہنگی اور کارکردگی میں بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود رہتی ہے۔ مرکوز انتظامی حکمت عملی کے ذریعے عملی کارکردگی کو بڑھایا جاسکتاہے۔

***

**ہدف6**

لاگت کفایت شعاری

**حکمت عملی**

سخت حکومتی پالیسیوں کے ذریعے اپنے وسائل کو بہترین انداز میں استعمال کرنا

**نوعیت**

قلیل / درمیانی مدت

**ترجیح**

اعلیٰ

## وسائل کی تخصیص

افرادی / فکری / مالی سرمایہ کا استعمال

## کے پی آئی مانیٹرڈ

مجموعی اور نیٹ پرافٹ مارجن

## موجودہ حالت

عمل مسلسل جاری ، انتظامیہ لاگت کے اخراجات کو کنٹرول کرنے کے موثر اقدامات کررہی ہے جس کے نتیجے میں پروڈکشن، آپریٹنگ اور فنانسنگ کے شعبوں میں بچت ہوئی۔

## مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت

مستقبل میں کے پی آئی متعلقہ رہے گی۔

## مواقع / خدشات

موثر پالیسیوں کے اطلاق کے ذریعے ہم وسائل کے بہترین استعمال پر فوکس رہے۔ تاہم ان گنت عوامل، خاص طور پر حکومت کی جانب سے ان پٹ لاگت میں اضافہ اور بین الاقوامی سطح پر قیمتوں میں کمی کمپنی کو بری طرح متاثر کرسکتی ہے۔

***

## ہدف 7

ایف ایف سی کے مرکزی کاروبار کے استحکام کے لئے توانائی کے متبادل وسائل کی شناخت کرنا اور عمل درآمد کی حکمت عملی وضع کرنا

## حکمت عملی

کمپنی توانائی کے متبادل وسائل سے متعلق مختلف آپشنز کا جائزہ لے رہی ہے۔

## نوعیت

درمیانی مدت / طویل المدتی

**ترجیح**

اعلیٰ

**وسائل کی تخصیص**

افرادی / فکری /مالی سرمایے کا استعمال

**کے پی آئی مانیٹرڈ**

ان منصوبوں میں سرمایہ کاری کی وصولی

**مستقبل میں کے پی آئی سے مطابقت**

مستقبل میں کے پی آئی متعلقہ رہے گی۔

**مواقع / خدشات**

پاکستان کے گیس کے ذخائر میں مسلسل کمی سے کمپنی کی کھاد کی پیداوار متاثر ہوگی۔ طویل مدت تک مستحکم رہنے کے لئے کمپنی توانائی کے متبادل اختیارات کا جائزہ لے رہی ہے۔ اس مقصد کے لئے بھاری سرمایہ درکار ہوگا لیکن پیداواری سطح کو مستحکم کرنے کے لئے یہ قدم اٹھانا ضروری ہے۔

---------------------



---------

# اہداف اور حکمت عملیوں میں نمایاں تبدیلیاں

ایف ایف سی میں کاروباری اہداف اور حکمت عملی کی منصوبہ بندی بہت احتیاط کے ساتھ کی جاتی ہے تاہم ہر لمحہ بدلتے کاروباری ماحول کا مقابلہ کرنے کے لئے اس میں ضروری تبدیلیاںبھی کی جاتی ہیں۔

---------------